DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 27-09-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔ملک وقوم کیلئے جانیں دینا پاک فوج کا طرہ امتیاز ہے،وزیراعلیٰ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔صوبائی حکومت عوامی اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گی،طور اتمانخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔بلوچی اور براہوئی کتب کو ڈیجیٹلائز کیا جائے گا،آغا حسن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔مسلح افواج کے افسران وجوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں،نور محمد دمڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔حکومت سیلاب متاثرین کی دادرسی کر رہی ہے،محمد خان لہڑی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 6۔مولانا واسع سے جام کمال کی ملاقات سیاسی صورتحال پر گفتگو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 7۔ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونے والے افسران اور اہلکار قوم کا فخر ہیں،ضیاء لانگو | آزادی ودیگر اخبارات |
| 8۔عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں،ڈی آئی جی کوئٹہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 9۔پاک آرمی کے جوانوں کی شہادت پر غمزدہ ہیں،فرح عظیم شاہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 10۔25اضلاع کے 196 بنیادی مراکز صحت کو نقصان پہنچا،سی او پی ایچ آئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔بلوچستان کے چار اضلاع کی 11 یونین کونسلوں میں پولنگ آج ہوگی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔قلعہ سیف اللہ میں ایف سی نے متاثرہ مکانوں کی تعمیر شروع کردی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13۔بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14۔آرمی اور ایف سی کے تعاون سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپریشن جاری ہے،پی ڈی ایم اے | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15۔ڈینگی نے بلوچستان میں بھی سر اٹھالیا،کیچ اور گوادر میں مزید 64 کیسز سامنے آگئے | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16۔گوادر میں 230 ملین ڈالر کی لاگت سے جدید ترین ائیرپورٹ کی تعمیر جاری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17۔ہرنائی میں ٹرکوں پر فائرنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے،این ڈی ایم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18۔نجی تعلیمی اداروں میں بچوں کو تعلیم دلوانا انتہائی مشکل ہوگیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19۔کرپشن کا خاتمہ اور قانون کی بالادستی یقینی بنائے بغیر ترقی ممکن نہیں،کریم نوشروانی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

ہرنائی کے قریب پاک فوج کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ 2 میجرز سمیت 6 اہلکار شہید،ہزار گنجی میں سی ٹی ڈی کی کارروائی میں چار دہشتگرد ہلاک،آرچر روڈ پر موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی،ہرنائی دھرنا کمیٹی کے زیر اہتمام آج پہیہ جام ہوگا،

## عوامی مسائل

حکومت نے نصیر آباد کے متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات نہیں اٹھائے،زمیندار ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ریلیاں،ہنہ اوڑک میں بجلی اور گیس کی بحالی تاحال ممکن نہیں بنائی جاسکی،دودھ اور دہی کے حکومتی نرخ نظر انداز

مورخہ 27-09-2022

**اداریہ**

روزنامہ آزادی نیوز کوئٹہ نے "**لا پتہ افراد کا مسئلہ کب حل ہوگا؟ اہل خانہ پیاروں کی بازیابی کے منتظر** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ملک میں لا پتہ افراد کا مسئلہ گزشتہ دو دہائیوں سے چل رہا ہے اور یہ اپنی جگہ ابھی تک موجود ہے، بلوچستان لا پتہ افراد کے حوالے سے سب سے زیادہ متاثر ہے اور سب سے زیادہ مسنگ پرسنز بھی بلوچستان کے ہیں جبکہ لاشیں بھی بلوچستان سے زیادہ برآمد ہوئی ہیں۔ اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے حکومتوں نے متعدد بار یقین دہانی کرائی مگر اس کے باوجود بھی قابل ذکر تعداد میں لا پتہ افراد بازیاب نہیں ہوئے بلکہ بہت ہی کم افراد بازیاب ہو کر گھر پہنچے۔ اس حساس نوعیت کے معاملے کو سنجیدگی کے ساتھ حل کرنے کی ضرورت ہے۔ لا پتہ افراد کے اہل خانہ کی جانب سے عرصہ دراز سے احتجاج کیا جا رہا ہے کیمپ قائم ہے بچے جوان ہو گئے مگر والد گھر واپس نہیں آسکا، بہنیں، مائیں بھائی سب اپنے پیاروں کی راہ تھک رہے ہیں کہ کب ان کا پیارا بازیاب ہو کر گھر لوٹ آئے گا اور آنگن میں خوشیاں آئینگی۔ اُمید اور دلاسہ سے آگے بڑھ کر اقدامات اُٹھانے کی ضرورت ہے اور اس کیس کو مستقل بنیادوں پر دیکھنا چاہیے۔ سرسری بیانات اور تسلی سے یہ معاملہ حل نہیں ہوگا کیونکہ ماضی ہمارے سامنے ہے کہ محض بیانات تک گمشدگی کے مسئلے کو حل کرنے کی یقین دہانیاں کرائی گئیں مگر چند ماہ بعد مسئلہ سرد خانے کی نذر ہو گیا۔ بلوچستان کے لا پتہ افراد کے ساتھ انہوں نے کبھی بھی کوئی خاص میٹنگ نہیں کی اور نہ ہی ذاتی دلچسپی دکھائی۔ بہرحال اُمید کرتے ہیں وفاقی حکومت بیانات سے آگے بڑھ کر عملی طور پر لا پتہ افراد اور ماورائے عدالت قتل کا مسئلہ حل کرے گی تا کہ گمشدہ افراد کے اہل خانہ میں موجود بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔

**اداریہ**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**سیاسی منظر نامہ سیلابی صورتحال اور اڈیو لیکس کا معاملہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز نے "Focusing flood affectees" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 27 SEP 2022 Page No. 1


ہیلی کاپٹر حادثے پر افسوس

## ملک و قوم کیلئے جانیں دینا پاک فوج کا طرۂ امتیاز ہے، وزیراعلیٰ

شہداء قوم کی شان اور محسن ہیں، میر عبدالقدوس بزنجو، ضیاء اللہ لانگو، سعید احمد ہاشمی، نواب ثناء اللہ زہری

پوری قوم سانحے پر سوگوار، شہداء کو سلام پیش کرتی ہے، صالح بھوتانی، خدا بخش لانگو، نور محمد دمڑ، عبدالروف رند

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہرنائی کے علاقے خوست میں ہیلی کاپٹر کے حادثے (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

میں پاک فوج کے دو افسران اور چار اہلکاروں کی شہادت پر دلی دکھ اور غم کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ ملک و قوم کیلئے جانوں کے نذرانے پیش کرنا پاک فوج کا طرہ امتیاز ہے انہوں نے کہا کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران جانیں قربان کرنے والے شہداء قوم کی شان اور محسن ہیں پوری قوم اس سانحہ پر سوگوار ہے اور شہداء کو سلام پیش کرتی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند کرے اور لواحقین کو یہ عظیم صدمہ صبر و ہمت کے ساتھ برداشت کرنے کا حوصلہ عطاء فرمائے۔ دریں اثناء صوبائی مشیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو بی اے پی کے بانی و سینئر سعید احمد ہاشمی سابق وزیراعلیٰ اور بی اے پی کے مرکزی رہنما نواب ثناء اللہ زہری سینئر صوبائی وزیر سردار صالح بھوتانی وزیراعلیٰ کے پولیٹیکل سیکرٹری ملک خدا بخش لانگو اور سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ اور بی اے پی کے مرکزی رہنما میر عبدالروف رند نے ہرنائی، بلوچستان میں ہیلی کاپٹر حادثے میں فوجی افسران و جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔


Balochistan Express Quetta


## CM Balochistan grieved over life loss in helicopter crash

By Our Reporter

QUETTA: Chief Minister of Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo on Monday expressed grief and sorrow over the helicopter crash in which 6 troops including two officers of Pakistan Army embraced martyrdom.

"I am deeply saddened by the life loss of two officers and 4 personnel of Pakistan Army in the helicopter crash," CM Balochistan said in a statement issued here.

Paying homage to the martyrs of Pakistan Army, he said "It has been the distinction of the Pakistan Army to lay down their lives for the country and the nation.

"Martyrs who sacrificed their lives while fulfilling their duties are the glory of the nation," The whole nation salutes the martyrs.

The Chief Minister prayed for the departed souls and grant of patience to the families of the martyrs.

As per ISPR, Major Muneeb Afzal, Major Khurram Shehzad, Subedar Abdul Wahid, Naik Jaleel, Sepoy Muhammad Imran and Sepoy Shoaib embraced martyrdom when their helicopter crashed in the Harnai district of Balochistan.

## ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونے افسران اور اہلکار قوم کا فخر ہیں، ضیاء لانگو

### پوری قوم شہدا کے اہل خانہ کے غم میں شریک ہے

کوئٹہ (خ ن) مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے ہرنائی کے علاقے خوست میں ہیلی کاپٹر حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے حادثے کے نتیجے میں فوجی افسران اور جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ شہید ہونے (بقیہ نمبر 45 صفحہ نمبر 7 پر)

افسران اور اہلکار وطن کے یہ بیٹے قوم کا فخر ہیں اور انہوں نے یہ شہادتیں فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے پائی ہیں میر ضیاء نے کہا کہ پوری قوم شہدا کے اہل خانہ کے غم میں شریک ہے مشیر داخلہ نے شہداء کی درجات کی دعا بلندی کیلئے دعا کی اور اہل خانہ سے اظہار ہمدردی بھی کیا۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 27 SEP 2022 Page No. 6

Bullet No. 2


## ڈی ایم جمالی، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں معمولات بحال نہ ہوسکے

### وبائی امراض پھیلنے لگے

ہزاروں خاندان بے یارومددگار، صورتحال کو بہتر کرنے کے لیے مختلف محکموں کے سیکرٹری نصیرآباد میں موجود ہیں، ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ایک ماہ کا عرصہ گزرنے کے باوجود معمولات زندگی بحال نہیں ہوسکے ہیں سیلابی پانی سے خطرناک وبائی امراض پھیلنے لگے معصوم بچے ملیریا ڈینگی بخار گیسٹرو سمیت دیگر وبائی امراض کا شکار ہورہے ہیں گرمی کی شدت نے متاثرین کی مشکلات کو مزید بڑھا دیا علاج کرانے کے لیے پریشان ہیں متاثرہ علاقوں میں ہزاروں خاندان سڑک کنارے بے یارومددگار پڑے ہوئے ہیں موسمی حالات میں متاثرین اذیت سے گزر رہے ہیں دریں اثناء ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے نصیر احمد ناصر نے جنگ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ سیلابی ریلوں سے 304 اموات ہوئیں اور سیکڑوں افراد شدید زخمی ہوئے سیلابی ریلوں سے 32 اضلاع متاثر ہوئے ہمیں مشکلات اور چیلنجز کا بھی سامنا ہے کئی جگہوں پر پانی کی نکاسی نہ ہونے اور ادویات کی کمی کی شکایات موصول ہوئی ہیں صورتحال کو بہتر کرنے کے لیے مختلف محکموں کے سیکرٹری نصیرآباد میں موجود ہیں متاثرہ علاقوں میں ملیریا سمیت دیگر امراض پر قابو پانے کے لیے کمشنر نصیرآباد ڈویژن کو ادویات کا ایک ٹرک فراہم کردیا گیا ہے جس سے متاثرین کی مدد کرنے میں کافی مدد ملے گی۔

## موجودہ چیلنجز کا مقابلہ معیاری تعلیم کے بغیر ممکن نہیں، سیکرٹری تعلیم سکولز

طلباو طالبات ملک و قوم کے مستقبل کے معمار ہیں، تعلیم پر توجہ دینے والی قومیں ترقی کی منازل طے کررہی ہیں، عبدالروف بلوچ کا دورہ مستونگ

مستونگ (نامہ نگار) سیکرٹری تعلیم (اسکولز) عبدالروف بلوچ نے کہا ہے کہ قوموں کی ترقی تعلیم ہی میں مضمر ہے موجودہ صدی کے چیلنجز کا مقابلہ معیاری تعلیم کے بغیر ممکن نہیں موجودہ صدی سائنس و ٹیکنالوجی اور شعور و تعلیم کی صدی ہے طلباو طالبات ملک و قوم کے معمار ہیں ملک کی باگ ڈور مستقبل میں انہیں سنبھالنا ہے طلبا تعلیم پر توجہ دیں اس حوالے سے اساتذہ اور والدین کا کردار بھی لازمی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ مستونگ کے موقع پر پائلٹ سیکنڈری اسکول اور گرلز ہائی اسکول مستونگ میں طلباو طالبات اور اساتذہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مستونگ احکام الدین ساتکزئی ڈی او ای سعید احمد سرپرہ ڈی ای او فیمیل میڈم عائشہ بگٹی و دیگر بھی تھے سیکرٹری تعلیم عبدالروف بلوچ نے کلاس رومز میں درس و تدریس کا جائزہ لیا اور طلباو طالبات سے نصابی کورس کے مطابق مختلف سوالات پوچھے طلباو طالبات نے درست جوابات دیئے سیکرٹری تعلیم نے جوابات کو اطمینان بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ دور حاضر معیاری تعلیم اور شعور کا ہے طلباو طالبات محنت اور لگن سے اپنی تعلیم پر توجہ دیں انہوں نے کہا کہ جن قوموں نے اپنی تعلیم پر توجہ دی آج وہ دنیا میں ترقی کی منازل طے کررہی ہیں تعلیم پر توجہ نہ دینے والی قوموں کے نام و نشان تک صفحہ ہستی سے مٹ چکے ہیں انہوں نے کہا کہ اساتذہ اپنی تمام تر صلاحیتیں طلباو طالبات کے بہتر مستقبل کے لیے بروئے کار لائیں قوموں میں انقلاب تعلیم ہی کے ذریعے ممکن ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت تعلیم کی بہتری کے لیے تمام تر اقدامات کررہی ہے اساتذہ والدین اپنے بچوں اور طلباو طالبات کے روشن مستقبل کو تابناک بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں کریں۔


MASHRIQ QUETTA


## گوادر، 230 ملین ڈالر کی لاگت سے جدید ترین ایئرپورٹ کی تعمیر جاری

دنیا کے سب سے بڑے مسافر بردار طیارے 380 اے کیلئے لینڈنگ اور اڑان کی سہولت بھی موجود

منصوبہ مکمل ہونے پر گوادر بین الاقوامی شہر کا درجہ حاصل کرلے گا روزگار کے مواقع پیدا ہونگے، پلاننگ کمیشن

کوئٹہ (آن لائن) گوادر میں بین الاقوامی طرز کے ایئرپورٹ کی تعمیر تیزی سے جاری ہے جس سے شہر ترقی کے نئے دور میں داخل ہوگا پلاننگ کمیشن کے حکام کے مطابق چین پاک اقتصادی راہداری منصوبے کے تحت گوادر شہر کو مرکزی اہمیت حاصل ہے، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی تعمیر کا آغاز گزشتہ سال ہوا تھا اور منصوبے پر کام زور و شور سے جاری ہے، اس جدید ترین ایئرپورٹ کے رن وے پر دنیا کے سب سے بڑے مسافر بردار طیارے 380 اے کو بھی لینڈنگ اور اڑان بھرنے کی سہولت موجود ہوگی انہوں نے بتایا کہ حکومت گوادر میں جاری تمام ترقیاتی منصوبے مکمل کرنے کے لیے پرعزم ہے، دو سو تیس ملین ڈالر کی لاگت سے تعمیر کیے جانے والا ایئرپورٹ گوادر شہر اور پورٹ کی ترقی کے لیے پیش خیمہ ثابت ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایئرپورٹ کی تعمیر سے جہاں گوادر بین الاقوامی شہر کا درجہ حاصل کرلے گا وہیں اس منصوبے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 SEP 2022 Page No. 15

# کوہلو حالیہ بھرتیوں میں میرٹ کی دھجیاں اڑا دی گئیں متاثرین کی قانونی چارہ جوئی کی دھمکی

## ریٹائر اور فوت شدہ ملازمین کے بچوں کے بجائے وزیر تعلیم نے اپنے رشتے دار بھرتی کرائے ہیں، حق تلفی پر خاموش نہیں رہیں گے

## بلوچستان بھر کے آرڈر پینڈنگ میں ہیں صوبائی وزیر تعلیم نے حکومت تبدیلی کے خوف اور اجلت میں کوہلو کے آرڈر راتوں رات جاری کروائے

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم کے مختلف پوسٹوں پر ٹیسٹ اور انٹرویو دینے والے امیدواروں نے حالیہ جعلی بھرتیوں پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزیر تعلیم کے ایماء پر محکمہ تعلیم میں حالیہ بھرتیوں کے دوران میرٹ کی دھجیاں اڑا دی گئیں، ریٹائر اور فوت شدہ ملازمین کے بچوں کے بجائے وزیر تعلیم نے اپنے رشتے دار بھرتی کرائے ہیں تحصیل کاہان کے پوسٹوں پر صوبائی وزیر نے اپنے خاندان کے لوگ بھرتی کیے ہیں اسی طرح مختلف علاقوں کے درجہ چہارم کی پوسٹوں پر ماضی کی طرح گرما گرم بولی لگ گئی جس میں

بقیہ نمبر18 صفحہ5 پر

ریکروٹمنٹ کمیٹی، کچھ ٹرانسپورٹر، صوبائی وزیر کی برادری اور کچھ کاروباری خوش قسمت حضرات بولی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے، امیدواروں نے اپنے ردعمل میں کہا کہ پورے بلوچستان کے آرڈر پینڈنگ میں ہیں جبکہ صوبائی وزیر تعلیم نے حکومت تبدیلی کے خوف سے بوکھلاہٹ کے شکار ہو کر اجلت میں کوہلو کے آرڈر راتوں رات جاری کروائے جس کیخلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کے ساتھ ساتھ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کر کے صوبائی وزیر کے کرتوتوں سے انہیں آگاہ کریں گے انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم اور احتساب کے ادارے حرکت میں آ جائیں راتوں رات ایک وزیر کے گھر سے ٹائپ ہونے والے آرڈرز کی پوچھ گچھ کریں بہت کچھ سامنے آ جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 27 SEP 2022 Page No. 17


## Focusing flood affectees

The problems of flood affectees are increasing day by day as the flood-hit Balochistan faces a viral disease epidemic as 3963 new cases of diarrhea, skin infections, malaria has been reported in the last 24 hours. Reportedly, 3,963 new cases of viral diseases in the last 24 hours were reported from flood hit areas of Balochistan. Around 947 diarrhea cases, 77 cholera cases, 1055 cases of respiratory infections, 165 eye infections, and 675 malaria cases, while 1043 skin infections were reported in the last 24 hours. Balochistan's death toll amid floods reached 322 with 12 more reported dead. According to the PDMA, over 500,000 cattle have been reported ruined and 185,000 houses have been broken amid the calamity. 65,000 houses had been utterly demolished whereas 120,000 had been partially broken. Unfortunately, with passage of each day the miseries and difficulties of flood affectees across the province are being increased. The eruption of new cases of different viral diseases is worrisome and the federal and provincial governments should take immediate measures to overcome viral diseases in flood hit areas of the province. No doubt the destructions caused by monsoon floods were unprecedented and it is difficult for impoverished province Balochistan to address the issues of flood affectees, however, it is the prime responsibility of the provincial government and its departments to provide all possible assistance to the affected people. As far as health is concerned it must be the more concerned issue for the government. The flood affectees male, female and a large number of children are living in tents in Naseerabad division which is still covered by the flood water where spread of viral diseases is very easy. Unfortunately, in flood affectees camps the women and children are more exposed to viral diseases such as diarrhea, malaria and other diseases. Provision of clean drinking water to flood affectees and best health facilities is a very difficult task for the provincial government with lack of resources. Therefore, it is essential that the provincial government must expedite its efforts to draw the attention of national and international donors for assistance so that the affected women and children can be secured from diseases and hunger. The weather across the country is changing and the winter is coming closer, thus proper rehabilitation of flood affectees is inevitable to avoid further diseases. It is hoped that the provincial government and the representatives of the people will speed up relief and rehabilitation activities and ensure provision of clean drinking water, food, proper medical –care and roof to affected people.

# Balochistan PA adopts motion for repeal of transgender law

By Saleem Shahid

QUETTA: The Balochistan Assembly has adopted a resolution unanimously calling upon the provincial government to plead with Islamabad to declare the Transgender Act of 2018 null and void in deference to the religious parties.

The resolution was moved by Asghar Ali Tareen, a JUI-F member. The session, held on Saturday night, was presided over by Deputy Speaker Sardar Babar Khan Musakhail.

The resolution termed the Transgender Person (Protection of Rights Act) against recommendations of the Council of Islamic Ideology (CII).

The council had termed the act against Islamic injunctions, a member said.

"Ulema belonging to all schools of thought have not only condemned the controversial law as against the Sharia but also termed it a move to promote homosexuality," the resolution said.

Article 277 of the Constitution stipulates that no anti-Sharia law can be made, the resolution added.

Malik Sikander Khan, the opposition leader in the provincial assembly, deplored the transgender act and termed it against traditions.

He said the Constitution was the best protector of the rights of transgender persons.

"They not only enjoy fundamental rights but are also entitled to a share in family property," Malik Sikander added.

No law can be made against Islamic values and before introducing any law, it is imperative for the legislature to send the draft to the CII for its opinion, the MPA observed.

"But unfortunately the government did not follow this procedure."

He described the transgender act as an attack on Sharia and expressed apprehensions the law would "open the floodgates to homosexuality".

"The nation will never accept such un-Islamic laws and all such attempts will be foiled with full force."

Asghar Tareen, the resolution's mover, termed the law a conspiracy against Islam. "This act was adopted in haste at a time when legislators were preparing for the (2018) general election," he recalled.

The Council of Islamic Ideology had not recommended passage of the bill, he said, calling upon the government to repeal "this heinous law forthwith".

Shakeela Naved Dehwar of the Balochistan National Party-Mengal, however, saw nothing objectionable in the transgender act, arguing there was no provision for change of gender in the law.

"Transgender persons are human beings and have a right to lead lives of dignity, to compete for jobs, to get education and have access to health facilities," she said.

# Attacks leave four dead, five injured in Balochistan

Dawn Report

DERA MURAD JAMALI / MASHKEL: Four people were killed and five sustained injuries in three separate attacks in Nasirabad and Washuk districts of Balochistan on Sunday, officials said.

In the first attack, unidentified men barged into a house in Goth Mundar area of Nasirabad's Chatar tehsil and opened fire, killing a seven-year-old child and a man.

According to Levies officials, the assailants used automatic weapons.

The deceased and injured were shifted to the district hospital in Dera Murad Jamali. The dead were identified as Shanela, 7 and Samandar Ali Banger, 35, whereas the injured included Noor Jahan, Akhtar Ali, Ahmed Ali, Shabila and Farhan.

Meanwhile, in Mashkel area of Washuk district, two people were killed in separate attacks.

Assistant Commissioner Zahid Shahwani said three men were riding a motorbike when armed men opened fire and killed a person named Muhammad Bilal. A suspect was already in custody while the Levies force was searching for other attackers, he added.

The other attack took place in Bugg area where robbers killed truck driver Badr-i-Alam over resistance. They also took away his Iranian-made Zamyad vehicle loaded with Iranian oil. The driver, critically injured in the knife attack, later died of injuries while being moved to a hospital.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 6

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 20


# Loralai varsity — a gem in the making

QUETTA

The University of Loralai will help end illiteracy and promote higher education in the less developed far-flung areas of Balochistan.

The university has been established at a cost of Rs1,493.751 million.

The Higher Education Commission (HEC) has provided funds for the university with the objective of establishing the university to provide better opportunities of higher education to the students of Loralai and its adjoining districts of Panjgur, Awaran, Gwadar, Barkhan, Kohlu, Musakhel, Killa Saifullah, Zhob and Ziarat.

At present, there are 1,200 students enrolled in the university which offers nine programmes in 10 departments with a total enrollment capacity of 1,500-2,000 overall.

An official of the Balochistan government told APP that as a result of implementation of these projects, the enrollment of students at graduation, masters, MPhil and PhD levels would increase considerably.

The provincial government has already provided 500 acres of land for development of all proposed facilities for the Loralai University.

Similarly, the annual recurring expenditure and income after completion of the Loralai University was estimated to be the same as was for the University of Turbat.

The University of Loralai being established over a vast area has all the facilities for co-curricular activities as well as a student facilitation centre.

> There are 1,200 students enrolled in the university which offers nine programmes in 10 departments

Moreover, the university apart from the ten departments had also established a law college which would be functional by March 2023 as construction work has been under way.

The youth of Balochistan used to travel to Karachi and districts of Punjab and Islamabad to acquire education that was economically unfeasible and difficult for the students hailing from low income families and communities.

The dedicated higher education facility for Loralai would be helpful in ending discrimination of the masses and youth of the far-flung areas who would get a level playing field to polish their educational and interpersonal skills.

During the formulation of the varsity quality of education and standards were being set and well maintained to ensure merit and quality over quantity at the university.

Political instability, paralysed social mindset, and rampant nepotism have largely crippled educational institutions in Pakistan.

Another factor that is driving Pakistani universities to the fringe of academic fiasco is financial irregularities.

Conventional bureaucratic wisdom and poor educational strategies are chiefly responsible for it.

Poor management practices lead to nowhere due to mismanagement in the academic and administrative blocks in educational institutions in Balochistan which must be eliminated.

Commenting on the significance of education for national integrity and stability, Islamabad based journalist and security analyst Rahim Nasar, who belongs to Loralai, said that promoting education and ensuring infrastructural development in remote zones help in counterinsurgency.

In Balochistan, strengthening educational institution on a priority basis is extremely important in terms of security.

He added that Balochistan, especially the Pashtun belt, is of great strategic importance in the changing geostrategic and geopolitical scenarios. APP

## Ration bags handed out to refugees

QUETTA: Pakistan is facing the worst effects of climate change which could trigger natural calamities. This was stated by Senator Samina Mumtaz Zehri, Focal Person, Relief to Flood Victims, Balochistan, on Sunday. She expressed these views while distributing ration bags, mosquito nets, clean drinking water, clothes, milk, children's food and other necessities to the flood victims. Talking to reporters, she said that Pakistan has contributed less than 0.4 per cent of the global greenhouse gas emissions. She said that more than 1,400 people died in recent floods due to climate change. Around 33 million people were displaced as climate refugees, including more than 600,000 pregnant women. She said that four million acres of crops were destroyed and above 750,000 livestock animals died. She said that Pakistan is facing an unprecedented natural disaster. "Climate change is a huge problem for the world especially Pakistan and the international community has to come forward to prevent the effects of climate change," she said. APP



قائمقام گورنر جان جمالی، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی اور کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل آصف غفور ودیگر ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونے والوں کی نماز جنازہ کے بعد دعا مانگ رہے ہیں



صوبائی وزیر خوراک ڈاکٹر ربابہ؟ اچکزئی قیوم آغا کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں